سوال

(474)مجھے باربار یہ ڈراؤنا خواب آتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجھے باربار یہ ڈراؤنا ورخوفناک خواب ستاتا ہے کہ میرے منہ میں آٹے جیسی کوئی چیز پڑجاتی ہے ۔ جس سے سانس لینے اوربات کرنے میں بہت دشواری ہوتی ہے اورجب بھی میں اسے ہاتھ کے ساتھ منہ سے باہر نکالتا ہوں تواس کے بجائے وہی چیزاورمنہ میں آجاتی ہے اورمیں گھبرا کرنیند سے بیدار ہوجاتا ہوں اوراس خواب سے بہت ڈرتا ہوں' جس نے میری زندگی کوتنگ کررکھا ہے اورمیں ہمیشہ اس کے بارے میں سوچتا رہتا ہوں نہیں جا نتا کہ اس کا سبب کیا ہے ؟

میں نماز روزے کی پابندی بھی کرتا ہوں اورحض بھی کررکھا ہے 'میں ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے توبہ واستغفار بھی کرتا رہتا ہوں لیکن دوسے چاریا پانچ ماہ کے اندر میں ایک باریہ خواب ضرور آتا ہے ۔ اللہ تعالیٰ سے دعاگوہوں کہ اس ڈراؤنے خواب کی آپ سے کوئیٔ تعبیر مل جائے ۔ اللہ تعالیٰ بھی اس وقت تک اپنے بندے کی مدد میں ہوتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد کرتا رہتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ شیطانی خواب ہے ۔ آپ کےلیے اورہر مسلمان کےلیے حکم شریعت یہ ہے کہ جب کوئی شخص براخواب دیکھے تواپنے بائیں جانب تین بار تھوک دے 'شیطان اوربرے خواب کے شر سے تین بار اللہ کی پناہ مانگے اورپھر اپنی دوسری کروٹ بدل کرلیٹ جائے 'اس طرح اسے خواب سے کوئی نقصان نہیں ہوگا'اوراس خواب کے بارے میں کسی کوکچھ نہ بتائے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے :

"اچھا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے اوربرا شیطان کی طرف سے اگرکوئی براخواب دیکھے تووہ اپنی بائیں جانب تین بار تھوک دے ، شیطان اوراس خواب کے شر سے تین بار اللہ سے پناہ مانگے اورپھر اپنی کروٹ بدل لے 'اس سے یہ خواب اسے نقصان نہیں پہنچائے گا'نیز اس خواب کے بارے میں وہ کسی کوکچھ نہ بتائے ۔ "

یہ صحیح حدیث مومنوں کےلیے باعث راحت ہے کہ جب بھی کوئی مومن مرد یا عورت براخواب دیکھے تووہ اس حدیث پر عمل کرلے ۔ یہ بحمداللہ ایک عظیم اوربہت آسان دواء ہے ۔ میرے بھائی !آپ اس پر عمل کریں اوراس عظیم نبوی دواء کی وجہ سے اپنے دل کواطمینان وراحت بخشیں ۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کوتوفیق عطا فرمائے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ](#)

ج4ص361

محدث فتویٰ